SAMPLE QUESTION PAPER

SUMMATIVE ASSESSMENT - II

URDU - COURSE -B

Time allowed : 3 Hours | Maximum Marks: 90

ا۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 05

تہذیب الاخلاق میں سرسید اور ان کے ساتھیوں نے مذہبی موضوعات پر بھی مضامین لکھے۔ ان مضامین کا مقصد یہ تھا کہ اسلام کا کوئی عقیدہ سائنس یا فطرت کے خلاف نہیں ہے۔ مذہبی موضوعات پر اظہار خیال کا یہ نیا انداز تھا۔ اس لئے بعض حلقوں میں اس کی مخالفت بھی ہوئی۔ دراصل سرسید یہ چاہتے تھے کہ جدید تعلیم سے آراستہ نوجوان مذہب کو سائنس کے خلاف سمجھ کر مذہب سے پھر نہ جائیں۔ انہیں مجبوراً اس طرح کے مباحث میں حصہ لیناپڑا اور اس کے اچھے نتائج بھی سامنے آئے۔

(i) تہذیب الاخلاق میں مذہبی مضامین لکھنے کا مقصد کیا تھا؟
(a) سائنس، اسلام اور فطرت کے خلاف نہیں ہے
(b) اسلام اور سائنس فطرت کے خلاف ہے
(c) اسلام، سائنس اور فطرت کے خلاف ہے
(d) اسلام، سائنس اور فطرت کے خلاف نہیں ہے

(ii) تہذیب الاخلاق میں مضامین لکھنے والے کون تھے؟
(a) جدید تعلیم یافتہ نوجوان
(b) سرسید احمد خاں
(c) سرسید اور ان کے ساتھی
(d) مذہب اور سائنس

(iii) نیا انداز کیسا تھا؟
(a) مذہبی موضوعات کو پیش کرنے کا
(b) سائنس اور فطرت کو غلط بتانے کا
(c) جدید تعلیم سے روکنے کا
(d) مذہب کی مخالفت کرنے کا

(iv) سائنس اور فطرت کے خلاف کیا نہیں ہے؟
(a) اسلام کا کوئی عقیدہ

(b) تہذیب الاخلاق کے مضامین

(c) سرسید اور ان کے ساتھی

(d) مذہبِ اسلام

(v) 'نتائج' کا واحد ہے؟

(a) نتیجے

(b) نتیجہ

(c) مدارج

(d) حوائج

2۔ درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس کو پڑھئے اور سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھئے۔ 05

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی سات لے
نیکی کا بدلہ نیک ہے ، بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا میوہ ملے ، پھل پھول دے پھل پات لے
آرام دے آرام لے ، دکھ درد دے آفات لے
کل جگ نہیں کر جگ ہے یہ، یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے، اس ہات دے اس ہات لے

(i) نیکی کا بدلہ کیا ہے؟

(a) نیکی کا بدلہ بدی ہے

(b) نیکی کا بدلہ نیکی ہے

(c) نیکی کا بدلہ اچھائی ہے

(d) نیکی کا بدلہ احسان ہے

(ii) دنیا کو کون سا بازار کیا کہا ہے؟

(a) مہنگا بازار

(b) سستا بازار

(c) عجب بازار

(d) مینا بازار

(iii) کیسے کام کرنے کے بدلے میں بدی ملتی ہے؟

(a) نیک کام کرنے سے

(b) اچھا کام کرنے سے

(c) برا کام کرنے سے

(d) لگاتار کام کرنے سے

(iv) شاعر کے نزدیک کون سا جگ ہے؟

(a) کل جگ

(b) کر جگ

(c) کرم ید

(d) کل جگ اور کر جگ

(v) قواعد کی رُو سے 'دکھ درد' کیا ہے؟

(a) الفاظ معنی

(b) متضاد

(c) ضمیر

(d) مترادف

3۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ 10

(i) کتب بینی کے فوائد

(ii) یومِ اساتذہ

(iii) موبائل کے فائدے اور نقصانات

(iv) عیدِ قرباں

4۔ سکشن تبدیل کرنے کے لئے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھئے۔ 08

(یا)

اپنے والد کے نام خط لکھئے جس میں انھیں اپنی پڑھائی کا حال لکھئے۔

5۔ (i) فعل کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کیجئے؟ 04

(ii) ''ہم عید کے دن ملیں گے''

''موہن بازار سے لوٹ آیا ہے''

ان جملوں میں 'زمانے' کی نشاندہی کیجئے؟ 04

6۔ (i) سابقہ 'خوش' جوڑ کر دو الفاظ بنایئے؟ 02

(ii) لاحقہ 'مند' لگا کر دو الفاظ بنایئے؟ 02

7۔ درج ذیل کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 04

بھلائی خوش حالی امن شکست

8۔ درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 04

فوج بیگم اختیارات امراء

9۔ درج ذیل لفظوں کے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔ 04

بادشاہ عالمہ بھائی بیٹا

10۔ درج ذیل لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 04

ذہن وفاداری عہدہ محافظ

(حصہ :ب)

11۔درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 07

'بریل تحریر' کی ایجاد کرنے والے فرانس کے لوئی بریل تھے۔ وہ پیرس کے نزدیک 'کوپ برے' نام کے قصبے میں جنوری 1809ء میں پیدا ہوئے تھے۔ دو سال کی عمر میں ایک نوکیلا اوزار لگ جانے سے لوئی کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی۔ مگر لوئی نے ہار نہیں مانی اور کسی نہ کسی طرح تعلیم حاصل کرنے میں لگے رہے۔ اپنی بیس سال کی محنت اور لگن سے انھوں نے اس تحریر کو ایجاد کیا۔ جسے انھیں کے نام پر 'بریل' کہا جاتا ہے۔ اس تحریر کو ایجاد کر کے لوئی نے نابینا لوگوں کے لئے تعلیم کا راستہ کھول دیا اور ان کی تاریک زندگی میں روشنی کی کرن بکھیر دی۔

(i) لوئی بریل کہاں کے رہنے والے تھے؟

(a) فرانس کے

(b) پیرس کے

(c) کوپ برے کے

(d) یورپ کے

(ii) لوئی بریل کب پیدا ہوئے؟

(a) جنوری 1808

(b) فروری 1809

(c) جنوری 1809

(d) فروری 1808

(iii) 'کوپ برے' کیا ہے؟

(a) ضلع

(b) شہر

(c) قصبہ

(d) ملک

(iv) کتنے سال کی عمر میں لوئی بریل کی آنکھوں کی روشنی چلی گئی؟

(a) 20 سال

(b) 12 سال

(c) 2 سال

(d) 22 سال

(v) یہ عبارت کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(a) آدمی کی کہانی

(b) نئی روشنی

(c) خدا کے نام خط

(d) کارتوس

(vi) لوئی بریل کو بریل تحریر ایجاد کرنے میں کتنے سال کا وقت لگا؟

(a) دو سال

(b) بیس سال

(c) 1809 سال

(d) 1808 سال

(vii) ''ان کی تاریک زندگی میں روشنی بکھیر دی'' کا کیا مطلب ہے؟

(a) نابینا لوگوں کی آنکھوں میں روشنی آ گئی

(b) وہ دنیا کو دیکھنے لگے

(c) تعلیم حاصل کر کے وہ کامیاب انسان بنے

(d) سورج کی کرن ان کی آنکھوں میں روشنی لے آئی

12۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔ 07

(i) بریل تحریر کے ذریعے پڑھائی کس طرح ہوتی ہے؟

(ii) مواصلاتی نظام کسے کہتے ہیں؟ اور اس میں کون سے وسائل شامل ہیں؟

13۔ درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 04

(i) زمین میں بڑے آگ کے گولے کون سے ہیں؟

(ii) آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

(iii) دوسری عالمی جنگ کب ہوئی؟

(iv) موڈیم کسے کہتے ہیں؟

14۔ درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 06

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے — کوئی بڑا کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے
بڑا جہاں میں بنادیا اس نے — مجھے درخت پر چڑھنا سکھادیا اس نے
قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں — نِری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

(i) اس بند کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) بشر نواز

(b) ساحر لدھیانوی

(c) مرزا غالب

(d) علامہ اقبال

(ii) اس نظم کا عنوان کیا ہے؟

(a) اے شریف انسانو!

(b) قدم بڑھاؤ دوستو

(c) پہاڑ اور گلہری

(d) غزل

(iii) مندرجہ بالا تمام اشعار کس نے کس سے کہے ہیں؟

(a) اقبال نے گلہری سے

(b) گلہری نے پہاڑ سے

(c) پہاڑ نے گلہری سے

(d) اقبال نے پہاڑ سے

(iv) نِرمی کے معنی کیا ہیں؟

(a) بڑائی

(b) خوبی

(c) غرور

(d) صِرف

(v) کوئی بڑا کوئی چھوٹا کس کی حکمت ہے؟

(a) گلہری کی

(b) پہاڑ کی

(c) شاعر کی

(d) اللہ کی

(vi) قواعد کے رو سے 'بڑا، چھوٹا' کیا ہے؟

(a) ہم معنی الفاظ

(b) ہم آواز الفاظ

(c) واحد جمع

(d) متضاد

15۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔ 06

(i) علامہ اقبال کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے؟

(ii) اے شریف انسانو! کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھئے؟

16۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 04

(i) ''قدم بڑھاؤ دوستو'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے؟

(iii) شعر مکمل کیجئے:

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں

.....................................

......☆☆☆☆........